Toronto District School Board

21 اگست، 2020ء

محترم والدین / سرپرست، فیملیز،

ہم صرف آپ کا شکریہ کہنے سے شروع کرنا چاہیں گے۔ آپ میں سے ہر ایک کا آپ کے مسلسل صبرو تحمل کیلئے شکریہ جبکہ ہم اسکول میں محفوظ واپسی اور عملے اور طلباء کیلئے کام کرنے کیلئے درکار منصوبہ بندی اور وزارتِ تعلیم کی تمام منظوریوں کے ذریعے کام کرتے ہیں۔ یہ آسان یا سیدھا سا عمل نہیں ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ جیسے جیسے ہم ٹی ڈی ایس بی اسکولوں کو کھولتے اور طلباء کی واپسی کا خیر مقدم کرتے ہیں آپ مزید جاننے کیلئے متفکر ہیں کہ کیا توقع کی جائے۔ جیسے جیسے ہم آگے بڑھتے ہیں مخلصانہ طور پر آپ کی مسلسل تفہیم اور اعتماد کی قدر کرتے ہیں۔ ہم اسکول میں محفوظ واپسی کیلئے مؤثر طریقے سے منصوبہ بندی کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور ہم عملے، طلباء اور خاندانوں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔

جیسا کہ ممکن ہے آپ کو معلوم ہو، ٹرسٹیز نے کل متعدد اہم فیصلے کئے جن میں اسکولوں میں طلباء اور عملے کی حفاظت کو بہتر بنانے میں مدد کیلئے 366 اضافی اساتذہ کو نچلی ابتدائی کلاسوں پر ملازمت دینے کیلئے 30 ملین ڈالرز سے زائد سرمائے کی منظوری بھی شامل ہے۔ عملے نے اب ہمارے سیکنڈری اور ایلیمینٹری اسکولوں کے سیکھنے کے ماڈلوں کو حتمی شکل دے دی ہے اور ہم اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کیلئے ضروری منصوبہ بندی اور تیاریوں کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔

**<u>تاخیری آغاز: منگل، 15 ستمبر</u>**

اسکول میں واپسی کی تیاری کیلئے درکار وقت کے پیش نظر، ٹی ڈی ایس بی کو اسکول کا پہلا دن (ایلیمینٹری، سیکنڈری اور ورچوئل اسکول کیلئے) **<u>منگل، 15 ستمبر</u>** پر منتقل کرنا ہوگا۔ اس کے بعد تمام گریڈز کا داخلہ تین دنوں تک اسٹیگر (staggered) ہوگا۔ یہ اضافی وقت اسکولوں کو محفوظ اور منظم انداز سے کھولنے میں ہماری مدد کرے گا۔ مزید معلومات اور مخصوص تفصیلات اسکول کے پہلے دن سے قبل آپ کے بچے کے اسکول سے والدین / خاندانوں کے ساتھ براہِ راست شیئر کی جائیں گی۔

**<u>ماسک / چہرے کے غلاف کیلئے رہنمائی</u>**

اسکولوں میں صحت اور حفاظت کو بہتر بنانے کیلئے <u>تمام</u> طلباء اور عملے کو ٹی ڈی ایس بی کی عمارتوں اور اسکول بسوں میں ماسک / چہرے کے غلاف پہننے کی ضرورت ہوگی۔ یہ فیصلہ سٹی آف ٹورانٹو کے مجموعی تقاضے سے ہم آہنگ ہے کہ کوئی بھی فرد جس کی عمر دو سال سے زائد ہے وہ عوامی عمارتوں میں ماسک / چہرے کا غلاف پہنے — طبی وجوہات کی بنا پر استثنٰی کے ساتھ۔ اگرچہ ضرورت پڑنے پر اسکولوں میں طلباء کیلئے ماسک دستیاب ہوں گے، لیکن توقع ہے کہ طلباء اپنے ذاتی ماسک / چہرے کے غلاف ہمراہ لائیں گے اور پہنیں گے۔ خاص طور پر چھوٹے طلباء کیلئے، ہم یقینی بنائیں گے کہ انہیں کھلی فضاء کیلئے وقفے دیئے جائیں، تاکہ طلباء ایک ہی وقت میں متعدد گھنٹوں تک ماسک نہ پہنے ہوئے ہوں۔ ماسک / چہرے کے غلافوں کے بارے میں مزید تفصیلات جلد ہی آئیں گی۔

**<u>سیکھنے کے ماڈلز</u>**

**ایلیمینٹری (کنڈرگارٹن سے گریڈ 8)**

طلباء (بشمول خصوصی تعلیم اور فرینچ ایمرژن اور توسیعی فرانسیسی پروگرامز والے طلباء) پورے دن کیلئے ایک کوہورٹ / گروپ کے ساتھ 5 دن فی ہفتہ اسکول میں حاضری دیں گے، جس میں تفریح کا وقفہ اور لنچ کا وقفہ شامل ہوگا۔ صحت اور حفاظت کے بہتر پروٹولز لاگو ہوں گے، جسمانی فاصلے کو زیادہ سے زیادہ کرنے میں مدد کیلئے اس میں کلاسوں کے چھوٹے سائز بھی شامل ہوں گے۔ ٹورانٹو کی کمیونٹیوں میں واقع

Toronto District School Board

ایلیمینٹری اسکول جہاں ٹورانٹو پبلک ہیلتھ کے اعداد و شمار کووِڈ-19 کے لگنے کے زیادہ خطرے کو ظاہر کرتے ہیں ان کے کلاس سائز دوسرے تمام ایلیمینٹری اسکولوں کے کلاس سائزوں کے مقابلے میں چھوٹے ہوں گے۔ ایلیمینٹری کلاس سائزوں کے بارے میں اہم تفصیلات سمیت مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**سیکنڈری (گریڈ 9 سے 12)**
طلباء (بشمول خصوصی تعلیم اور فرینچ ایمرژن اور توسیعی فرانسیسی پروگرامز والے طلباء) روزانہ کلاس کے اندر متبادل دنوں اور ہم آہنگی (براہِ راست، آن لائن سیکھنا) سے سیکھنے کے ساتھ ساتھ جسمانی فاصلے کو زیادہ سے زیادہ بنانے میں مدد کیلئے چھوٹے کلاس سائزوں سمیت صحت کے بہتر اقدامات کے ساتھ روزانہ بیک وقت ظاہر نہ ہونے والا (خود مختارانہ کام) کریں گے۔ مزید معلومات کیلئے، براہِ کرم ویب سائٹ پر جائیں۔

**ورچوئل (Virtual) اسکول (کنڈرگارٹن سے گریڈ 12)**
والدین جو چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ گھر سے سیکھے وہ ریموٹ لرننگ آپشن کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے، براہِ کرم ویب سائٹ پر جائیں۔ ایلیمینٹری اور سیکنڈری۔

**اسکول کے اندر یا ورچوئل لرننگ کیلئے رجسٹریشن**
جیسا کہ آپ جانتے ہیں، ہم نے یہ جاننے کیلئے اس ماہ کے شروع میں قبل از رجسٹریشن عمل شروع کیا تھا کہ کون سے طلباء نے ستمبر میں اسکول حاضری دینے کا اور کون سے طلباء نے مکمل دُوری کی (گھر) سے تعلیم میں حصہ لینے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اس وقت سے، سیکھنے کے ماڈلز میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہوئیں اور والدین کو یہ فیصلہ کرنے کیلئے مطلع کرنے میں مدد کیلئے اب مزید معلومات دستیاب ہیں۔ اسلئے، اگلے ہفتے کے بدھ والے دن، ٹی ڈی ایس بی والدین / سرپرستوں کو ای میل کے ذریعہ کوئی حتمی فیصلہ کرنے اور اپنے بچوں کو اسکول میں داخل ہونے یا *ورچوئل اسکول* کے ذریعے دُوری کی تعلیم کیلئے رجسٹر کرنے کیلئے کہے گا۔ ای میل میں ہر طالب علم کیلئے آن لائن رجسٹریشن فارم کا ایک منفردِ لنک شامل ہوگا۔ ایک سے زیادہ بچوں والے والدین / سرپرستوں کو فی بچہ ایک ای میل موصول ہوگی اور انہیں ہر بچے کیلئے الگ رجسٹریشن مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آن لائن رجسٹریشن بیس مختلف زبانوں میں دستیاب ہوگی۔

تمام والدین / سرپرستوں کیلئے یہ آن لائن رجسٹریشن مکمل کرنا بہت ضروری ہے، یہاں تک کہ وہ جنھوں نے پہلے ہی پچھلے ہفتے قبل از رجسٹریشن فون کال کا جواب دیا تھا۔ صرف وہ والدین / سرپرست جن کا فائل پر ای میل ایڈریس موجود نہیں ہے یا جو آن لائن رجسٹریشن مکمل نہیں کرتے ہیں وہ رجسٹریشن کیلئے فون کال موصول کریں گے جس میں ان سے اپنا انتخاب کرنے کو کہا جائے گا۔ مزید معلومات اور رجسٹریشن کے مختلف آپشنز کے بارے میں جاننے کیلئے، ہم تمام والدین / سرپرستوں کو ٹی ڈی ایس بی کی ویب سائٹ ملاحظہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

**بدھ، 26 اگست:** تمام والدین / سرپرستوں کو ای میل بھیجی گئی اور رجسٹریشن کھلتی ہے۔
**ہفتہ، 29 اگست:** رجسٹریشن بند ہوتی ہے۔

**اگلے اقدامات**
ہم آنے والے دنوں میں خاندانوں کو باخبر اور اَپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔ ہم عملے اور طلباء کا خیرمقدم کرنے کیلئے اسکولوں کو تیار کر رہے ہیں۔ پہلے قدم کے طور پر، پروگرام اور آپریشنل رہنما اصولوں (Program and Operational Guidelines) کو فی الحال حتمی شکل دی جارہی ہے اور اسے اگلے ہفتے پرنسپلز / وائس پرنسپلز اور اسکول کے عملے کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ عملے اور طلباء کے بحفاظت اسکول واپس آنے کیلئے، اسکول کی سہولیات میں بہت سی تبدیلیاں اور ایڈجسٹمینٹس کی جائیں گی اور اسکول کے عملے کو ان ضروریات کے بارے میں

Toronto District School Board

سیکھنے کیلئے وقت درکار ہے اور طلباء کے اسکول واپس جانے سے پہلے ان پر عمل درآمد شروع کرنا ہے۔ ویب سائٹ پر اسکولوں کیلئے ہمارے صحت اور حفاظت کے رہنما اصول کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

چونکہ یہ اہم کام جاری ہے ہم آپ سے آپ کے مسلسل صبر کیلئے عرض کر رہے ہیں۔ براہِ کرم یاد رکھیں کہ اساتذہ اور اسکول کا عملہ بھی ان معلومات اور تفصیلات کا بیتابی سے انتظار کر رہے ہیں جس کی مدد سے وہ ستمبر کیلئے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔ اسکول اور کلاس سے متعلقہ منصوبوں کو تیار کرنے اور انہیں حتمی شکل دینے میں کچھ وقت لگے گا۔ براہِ مہربانی جان لیں کہ پرنسپلز جتنی جلدی ممکن ہو سکا اسکول سے متعلقہ معلومات براہِ راست خاندانوں کے ساتھ شیئر کرنا شروع کر دیں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ آپ کے بہت سے سوالات اور خدشات ہیں اور عملہ ضروری معلومات فراہم کرنے اور آپ کو آگاہ رکھنے کیلئے پوری کوشش کرتا رہے گا۔

ہم اس میں اکٹھے ہیں اور ہمارا سب کا عملے، طلباء اور خاندانوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کا مشترکہ مقصد ہے۔ ہم چاہیں گے کہ اسکول کو واپسی ہر ایک کیلئے زیادہ سے زیادہ ہموار ہو اور ایسا کرنے کیلئے ہمیں اکٹھے مِل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔

مخلص،

Carlene Jackson
Director of Education
کارلین جیکسن
ڈائریکٹر آف ایجوکیشن

Alexander Brown
Chair
الیگزینڈر براؤن
چیئر